# ۸۔ مستقل زندگی کی ابتدا

۸ء۱ مویشی پالنے اور کھیتی باڑی کرنے کی ابتدا
۸ء۲ خاص مہارتیں اور مختلف پیشے
۸ء۳ باہمی تعاون پر مبنی زندگی
۸ء۴ گھروں کی تعمیر
۸ء۵ گاؤں، رشتے دار اور خاندان

## ۸ء۱ مویشی پالنے اور کھیتی باڑی کرنے کی ابتدا


**مویشی پالنا :** کتّے، بکریاں، بھیڑیں، گائیں، بیل اور بھینسیں جیسے پالتو جانور انسان کے لیے کئی طرح سے فائدہ مند ہوتے ہیں۔ بعض قسم کے جانوروں کو مانوس کرنے کے عمل کے تین خاص مرحلے ہیں:

۱۔ جنگلی جانوروں کو پکڑ کر قابو میں کر لینا۔
۲۔ ان جانوروں کو انسان کے ساتھ رہنے کا عادی بنانا۔
۳۔ ان سے دودھ، دہی اور مکھّن جیسی چیزیں حاصل کرنا اور ان سے محنت مشقت کے کام کروانا۔

جب انسان ان مراحل میں سے تیسرے مرحلے سے گزر جاتا ہے یعنی تیسری منزل کو پا لیتا ہے تو اسے مویشی پالنا کہتے ہیں۔

چھٹے سبق میں ہم نے دیکھا کہ انسان نے پتّھر کے وسطیٰ زمانے میں کتّے کو مانوس کرلیا تھا۔ کتّا پہلا جاندار ہے جو مانوس کرلیا گیا تھا۔ شکار کرتے وقت انسان کتّے کی مدد لیتا ہے۔ کتّے کے بعد بکریوں اور بھیڑوں کو مانوس کرلیا گیا۔

**کھیتی باڑی :** ملک اسرائیل اور عراق میں تقریباً گیارہ ہزار سال پہلے کی کھیتی باڑی کے ثبوت دستیاب ہوئے ہیں۔ کھیتی باڑی کرنے کی ابتدا کا سہرہ خواتین کے سر بندھتا ہے۔ نوک دار لکڑی کی مدد سے عورتیں بیج بونے کا کام کرتی ہوں گی۔ آج بھی کچھ ادی واسی جماعت کی عورتیں اسی طریقے کے مطابق بُوائی کرتی ہیں۔ بُوائی کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی نوک دار لکڑی کو ضرورت کے مطابق وزن لگا کر زمین کو گہرائی تک کھودنا ممکن ہوتا ہے۔ اس لیے اُن لکڑیوں کے بیچوں بیچ سوراخ والے پتّھر بٹھائے جاتے ہیں۔



بیلوں کے جدِامجد جنگلی بیل کی خیالی تصویر

نئے دَور کا بیل



بوائی کے لیے استعمال کی جانے والی نوک دار لکڑی اور سوراخ والا پتھر

ہم نے پچھلے سبق میں دیکھا کہ کھیتی کے کام کرنے کی وجہ سے لوگوں کو سال کے لمبے عرصے تک ایک ہی مقام پر رہنا پڑتا تھا۔ جانوروں کے ذریعے کھینچے جانے والے ہَلوں کے ذریعے کھیت جوتنے سے کھیتی کی پیداوار میں اضافہ ہوا۔ کھیتی



قدیم مصر میں استعمال ہونے والا ہل

لوگوں کی گُزر بسر کا اہم ذریعہ بن گئی۔ کھیتی کی پیداوار میں اضافہ کے لیے لوگ قدرتی طاقتوں اور دیوی دیوتاؤں کی پوُجا کرنے لگے۔ کھیتی کے کام، پانی کی تقسیم اور گاؤں کی حفاظت



نوک دار لکڑی کی مدد سے بوائی کرنے والی عورتیں

جیسی انتہائی ضروری باتوں کے انتظام کی وجہ سے کھیتی کو فوقیت دینے والا سماجی نظام وجود میں آیا۔

## ۸ء۲ خاص مہارتیں اور مختلف پیشے

کھیتی باڑی کی ابتدا ہونے سے پہلے کے زمانے میں شکار، پھل، قند اور جڑیں جمع کر کے جو غذا حاصل کی جاتی تھی اسے لمبے عرصے تک ذخیرہ کر کے رکھنا ممکن نہیں تھا۔ اس لیے اس طرزِ زندگی میں گروہ کی تمام عورتیں اور مرد محض غذا حاصل کرنے کے کام میں مسلسل مصروف رہا کرتے تھے۔ کھیتی کی وجہ سے حاصل ہونے والے استحکام کی بنا پر پیدا ہونے والے اناج کو طویل مدّت کے لیے ذخیرہ کر کے رکھنا ممکن ہوگیا۔ گروہ کے تمام لوگوں کی ضروریات کی تکمیل کے بعد بھی باقی بچ جائے اتنا اناج ملنے لگا۔ اس طرح گروہ کی بعض عورتوں اور مردوں کو نئی باتیں دریافت کرنے اور اپنے تصوّر کی بنیاد پر نئی مہارتوں کی نشو ونما کرنے کا بھرپور وقت ملنے لگا۔

ایسی مہارتیں اور ہنر سیکھنے والے لوگوں کو اُن کے ہنر کے مطابق کام سونپے گئے۔ اس لیے مٹّی کے برتن بنانے

والے، موتی بنانے والے جیسے کاریگر تیار ہو گئے۔ مانا جاتا ہے کہ پتھّر کے جدید زمانے میں مٹّی کے برتن اور مٹّی کی چیزیں گھریلو عورتوں نے اپنے ہاتھوں سے بنائی تھیں۔



ہاتھوں سے مٹی کے برتن بنانے والی عورت


## ۸ء۳ باہمی تعاون پر مبنی زندگی

گاؤں کے کسان اب ضرورت سے زیادہ اناج پیدا کرتے تھے۔ کھیتی کے اوزار بنانا، اُن کی مرمّت کرنا اور دیگر کئی طرح کے کام انجام دینے کے لیے ماہر فن کاریگروں کی ضرورت تھی۔ کاریگروں کو ان کے کاموں کا معاوضہ اناج یا دیگر چیزوں کی شکل میں دیا جاتا تھا۔ کاریگروں کو مختلف چیزیں بنانے کے لیے درکار خام مال دؤر سے لانا پڑتا تھا۔ اس کی قیمت بھی اناج اور اشیا کے لین دین سے ادا کی جاتی تھی۔ اس طریقۂ کار سے خرید و فروخت کے لیے تبادلہ کا طریقہ رائج ہوا۔ جب کچّا مال، تیار اشیا، روزمرّہ کے استعمال کی دیگر چیزوں کو دوسرے مقامات سے درآمد کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی تب بھی مُبادلے کے طریقے کو بروئے کار لایا جاتا تھا۔ نمک انتہائی ضروری چیز تھی۔ بہتیرے گاؤں کے لوگوں کو نمک دور دراز علاقوں سے لانا پڑتا تھا۔ نمک کے بیوپاری نمک کے مُبادلے میں ملی ہوئی اشیا کی تجارت کرتے تھے۔ نمک کی تجارت کی وجہ سے پتھّر کے زمانے میں تجارت کے پھؤلنے پھلنے میں بڑی مدد ملی۔


گاؤں کی تجارت اور وسائل و ذرائع کی تقسیم کا انتظام بہتر طور پر انجام دیا جاسکے اس لیے گاؤں کے لوگوں نے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے کا اصول بنایا۔ اس اصول اور قاعدے پر عمل کرنے کی ذمہ داری جن لوگوں کو سونپی گئی تھی انھیں گاؤں کا 'کرتا' کہا جاتا۔ اُنھیں گاؤں کی حفاظت کی ذمّہ داری بھی سونپی گئی۔ اس طرح گاؤں کی حکومت کا نظام وجود میں آیا۔ پتھّر کے زمانے کے گاؤں کے گرد حفاظتی دیوار اور خندقوں کے ثبوت دستیاب ہوئے ہیں۔ سیلاب، جنگلی جانور اسی طرح مویشی چُرا کر لے جانے والے باہر کے لوگوں سے تحفّظ حاصل کرنے کے لیے یہ دیواریں بنائی جاتی تھیں۔

## ۸ء۴ گھروں کی تعمیر

پتھّر کے جدید زمانے میں پہلے ٹٹّیوں (بانس کی طرح ایک قسم کا پودا جو بانس سے پتلا ہوتا ہے) کے گھر تعمیر کیے جاتے تھے۔ آگے چل کر اناج کی بہتات کی وجہ سے آبادی میں اضافہ ہوا۔ گاؤں مستقل اور وسیع ہوتے گئے۔ کچھ عرصے بعد کچی اینٹوں کے چوکونی گھر تعمیر ہونے لگے۔ بعض گھروں میں ایک سے زیادہ کمرے بھی تعمیر کیے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دو مکانات میں اکثر بہت زیادہ فاصلہ نہیں ہوتا تھا۔ آب و ہوا کی مقامی خصوصیات کو ملحوظ رکھتے ہوئے گھروں کی تعمیر میں مقامی تبدیلیاں بھی دِکھائی دیتی ہیں۔



زمین میں پائے گئے باقیات اور گول ستون کی علامتوں
کی بنیاد پر بنائی ہوئی چوکون گھر کی خیالی تصویر



بلوچستان میں مہرگڑھ کے مقام پر پتھر کے جدید زمانے کی بستی

## ۵ء۸ گاؤں، رشتہ دار اور خاندان

گھروں اور گاؤں کی تعمیر کی مدد سے ایسا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ سارے گاؤں کے لوگ عام طور پر ایک ہی خاندان کے ہوتے تھے۔ یعنی گاؤں کے سارے افراد ایک دوسرے کے رشتے دار ہوا کرتے تھے۔ ان معنوں میں سارا گاؤں ایک وسیع خاندان ہوتا تھا۔ ایک گھر میں رہنے والے افراد قریبی رشتوں ناتوں سے جڑے ہوا کرتے تھے، ساتھ ہی وہ گاؤں کے توسیعی خاندان کے بھی فرد ہوتے تھے۔ مرنے والے شخص کو گھر میں یا گھر کے آنگن میں دفن کیا کرتے تھے۔ مرنے کے بعد بھی اُس شخص کا تعلّق خاندان سے نہ ٹوٹے شاید اس کے پس پشت یہ مقصد رہا ہوگا۔ مرنے کے بعد کی زندگی میں ہم اس کے کام آئیں اس خیال سے مختلف چیزیں بھی مُردے کے ساتھ دفن کی جاتی تھیں۔

## مشق

ا۔ قوسین میں سے مناسب متبادل چن کر خالی جگہیں پُر کیجیے۔

(الف) ملک اسرائیل اور ............. میں کھیتی باڑی کے ثبوت دستیاب ہوئے ہیں۔
(ایران ، عراق ، دبئی)


(ب) پتّھر کے جدید زمانے میں پہلے ............. کے گھر تعمیر کیے جاتے تھے۔
(مٹّی کے ، اینٹ کے ، ٹٹّیوں کے)

۲۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔

(الف) بعض قسم کے جانوروں کو مانوس کرنے کے عمل کے تین خاص مرحلے کون سے ہیں؟

(ب) گروہ کی عورتوں اور مردوں میں کس طرح کے کاریگر تیار ہوئے؟

۳۔ خیالی خاکہ تیار کیجیے۔




۴۔ کسی پانچ پالتو جانوروں سے حاصل ہونے والے فائدے لکھیے۔

۵۔ آج کے زمانے میں پولس کے محکمے میں کس جانور کا استعمال کیا جاتا ہے؟ کس طرح؟

سرگرمی :

آپ کے اردگرد جاری مختلف پیشوں کے مقامات میں سے پانچ مقامات پر جائیے اور وہاں ہونے والے کاموں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

❑❑❑